ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (637)

30-11-2021

## بہاول پور() سٹی ٹریفک پولیس کا سٹی ایریا کے مختلف مقامات پر روڈ یوزر اور ڈرائیوران کو ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری، پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے،ٹریفک قوانین پر عمل کر کے ہی مہلک حادثات سے بچنے کے ساتھ ساتھ قیمتی جانوں کے ضیاع اور ہمیشہ کے لیے معذوری سے بھی بچ سکتے ہیں،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کے پیش نظر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس نے سٹی ایریا کے مختلف مقامات پر روڈ یوزر اور ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین کی پاسداری کے حوالے سے آگاہی فراہم کی ،انچارج ایجوکیشن سینئر ٹریفک وارڈن شازیہ رمضان نے ٹریفک آگاہی فراہم کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کرنے سے ٹریفک حادثات سے بچا جاسکتا ہے،دھند / سموگ کے دوران فوگ لائٹس کا استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کریں،بغیر لائسنس کے گاڑی یا موٹر سائیکل مت چلائیں،دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال جان لیوا ہوسکتا ہے،ایسا ہرگز نہ کریں،گاڑی چلاتے وقت ہمیشہ سیٹ بیلٹ کا استعمال کریں،دائیں یا بائیں مڑتے وقت ہمیشہ انڈیکیٹرز کا استعمال کریں،موٹر سائیکل چلانے والے اشخاص اپنے موٹر سائیکل پر سائیڈ ویو مررز لازمی لگوائیں ہیلمیٹ پہنے بغیر موٹر سائیکل مت چلائیں،کم عمر بچوں کو گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے کے لیے مت دیں،ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل کر کے ہی مہلک حادثات سے بچنے کے ساتھ ساتھ قیمتی جانوں کے ضیاع اور ہمیشہ کے لیے معذوری سے بھی بچ سکتے ہیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: سٹی ٹریفک کے افسران روڈ یوزر اور ڈرائیوران کو ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (638)

30-11-2021

# بہاول پور() پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کے مارننگ وایوننگ موٹرسائیکل/موٹر کار کے 71ویں بیچ کی ٹریننگ مکمل، اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سرٹیفکیٹ تقسیم، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع یا افراد ہمیشہ کے لیے معذور ہوجاتے ہیں، اسکول میں مہلک حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے بہترین تربیت اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جاتی ہے، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت/ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کام کررہا ہے۔ جہاں پر صبح وشام دوشفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹرسائیکل / موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جارہی ہے۔ اس سلسلہ میں دو ہفتہ پر مشتمل ٹریننگ کے 71ویں بیچ کی ٹریننگ مکمل کرنے والے اسٹوڈنٹس کے لیے تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے، ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کو ڈرائیونگ کی تربیت دی، دوہفتے کی ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو ٹریننگ اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڑز پر پیشہ ور انسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت ان کے اعتماد میں اضافہ ہو۔ کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹیننس، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں۔ جبکہ کورس کے اختتام پر نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو انچارج ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول نے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس تقسیم کیے، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے، آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنرز اور لائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں، مہلک حادثات سے بچاؤ کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس




بہاول پور: پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کے مارننگ وایوننگ کے 71ویں بیچ کی ٹریننگ مکمل کرنے والے اسٹوڈنٹس کو اچیومنٹ سرٹیفکیٹس تقسیم۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (639)

30-11-2021

## بہاول پور() تھانہ صدر یزمان پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں،ملزمان گرفتار،منشیات اورناجائز اسلحہ برآمد،مقدمات درج۔معاشرتی امن کو برقراررکھنے کے لیے ایسی کارروائیاں جاری رکھی جائیں تاکہ ایسے عناصر کا قلع قمع کیا جاسکے،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی **"جرائم سے پاک معاشرہ"** کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر بہاول پور پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔اس سلسلہ میں تھانہ صدر یزمان پولیس نے تھانہ کی حدود میں مخبران کی اطلاع پر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو پابند سلاسل کر کے منشیات اورناجائز اسلحہ برآمدکرلیا۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان غلام رسول اورطارق ندیم کوگرفتارکر کے ان کے قبضہ سے 1800 گرام چرس برآمدکرلی۔جبکہ غیرقانونی اسلحہ رکھنے پر ملزم ذیشان ارشدکوگرفتارکرکےاس کےقبضہ سے ریپیٹر 12بور برآمدکرلیا۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،تاکہ ایسے عناصر کا قلع قمع کیا جاسکے،معاشرتی امن کو برقراررکھنا اولین ڈیوٹی میں شامل ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور:تھانہ صدر یزمان پولیس کی مختلف مقامات پر کارروائیاں،ملزمان گرفتار،مقدمات درج۔